تبصرہ کتب

مولانا مفتی رضاالحق صاحب مدظلہ (لینیشیا، جنوبی افریقہ)

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

نام کتاب : تجلیات رحمانی (طبع دوم)　ضخامت : ۶۷۰ صفحات
سوانح : عارف کامل شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمان صاحب کاملپوریؒ
مرتب : مولانا قاری سعید الرحمان صاحب مدظلہ　قیمت : ۲۶۰ روپے
ناشر : جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ، راولپنڈی صدر

زیر تبصرہ کتاب عارف باللہ فقیہہ عصر محدث کبیر جامع شریعت و طریقت اور عصر حاضر کی عظیم علمی روحانی شخصیت مولانا عبدالرحمان صاحب کاملپوریؒ خلیفہ اجل حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہ سابق صدر المدرسین مظاہر العلوم سہارنپور کے حالات زندگی انکی عبقری شخصیت روحانی ارتقاء علمی تجر نمایاں صفات خصوصی کمالات فیض و تاثیر معرفت و سلوک اور اصول تربیت کا ایمان افروز مرقع اور دلآویز تذکرہ ہے جسے آپ کے فرزند حضرت مولانا قاری محمد سعید الرحمان صاحب مدظلہ سابق وزیر اوقاف نے انتہائی عرقریزی اور محنت شاقہ سے صاحب سوانح کے سانحہ ارتحال کے پانچ سال بعد ۱۹۶۹ء میں طبع کرایا تھا اس وقت آپ کے اکثر ہم عصر اکابر اور کبار و اجل تلامذہ بقید حیات تھے جن میں اہمیت کیساتھ ریحانۃ الھند حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ کا اسم گرامی سرفہرست ہے ان حضرات نے مولف کے ساتھ مضامین کی شکل میں مواد کی فراہمی کے ذریعہ تعاون فرمایا جس کی وجہ سے ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ایک عظیم الشان اور تاریخ ساز سوانحی خاکہ سامنے آیا طباعت کے بعد بہت سے اکابر علماء مشائخ نے اس کا بامعان نظر مطالعہ کیا۔ بالخصوص شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ جنکا ایک طویل عرصہ صاحب سوانح کیساتھ رفاقت میں گزرا تھا اور ایک دوسرے کے حالات سے بخوبی واقف بھی تھے۔ انہوں نے دوران قیام مدینہ منورہ تجلیات رحمانی کی نہ صرف بالاستیعاب سماع فرمائی بلکہ بعض مقامات کی انتہائی دقت نظر سے تصحیح بھی کی اور مؤلف کے ساتھ اس سلسلہ میں مکاتبت بھی جاری رکھی۔ وہ مکاتیب زیر نظر کتاب میں شامل ہیں۔ جس سے